## سوال

(315) عید الاضحیٰ ہندوستانی وقت کے مطابق کتنے بجے تک پڑھنا مسنون ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عید الاضحی کی نماز ہندوستانی مروجہ وقت کے لحاظ سے کتنے بجے کے اندر پڑھنا مسنون ہے ۔ زیادہ دیر کر کے نماز عید الاضحی ادا کرنا شرعاً کی حیثیت رکھتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عید الفطر کی نماز کا مسنون وقت وہ ہے جب آفتاب افق سے تقریباً سوا نیزہ بلند ۔ اور عید الاضحی کی نماز کا مسنون وقت جب آفتاب افق سے ایک نیزہ بلند ہو ۔ اس سے زیادہ دیر کر کے عید الاضحی کی نماز ادا کی جائے تو نماز تو ہو جائے گی مگر مسنون وقت وہی ہے جو لکھا گیا ۔ (ترجمان دہلی جلد نمبر ، شمارہ نمبر ۱ )

# فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 147